کتاب: سلسلہ نقشبندیہ کی روشن کرنیں مؤلف: مولانا محمد روح اللہ نقشبندی غفوری

ضخامت: ۴۴۸ صفحات قیمت: درج نہیں۔

ناشر: ایچ ایم سعید کمپنی پاکستان

اولیاءعظام اور صوفیائے کرام نے ہر زمانے اور ہر نازک دور میں اسلامی معاشرے کی اصلاح مسلمانوں کی اخلاقی وروحانی تربیت نیز اسلام کی تبلیغ واشاعت کے فرائض ایسی خوبی کیساتھ انجام دیئے کہ غیر مسلم قومیں بھی اس سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں اوروہ بصد شوق وذوق دائرہ اسلام میں داخل ہوکر اسلام کی خیر وبرکت سے مستفید ہوئیں۔

زیر تبصرہ کتاب ''سلسلہ نقشبندیہ کی روشن کرنیں'' نقشبندی سلسلہ کے بزرگانِ کرام ومشائخ عظام کے حالات (اعمال اخلاق وملفوظات) پر لکھی گئی ہے ویسے ان بزرگوں کے متعلق مطلوبہ معلومات متفرق طور پر تو ہر جگہ دستیاب ہوں مگر ایسی کتابیں شاید کم یا نہ ہونے کے برابر ہوں کہ جن میں یکجا طور پر بسہولت خصوصاً اردو زبان میں یہ جواہرات مل سکیں۔ جناب مولانا محمد روح اللہ صاحب نقشبندی غفوری نے اس لحاظ سے ایک منفرد کاوش پیش کر کے ایک ایسی عظیم خدمت کی بجاآوری میں کامیابی حاصل کی ہے جسے تزکیہ نفس ومردم سازی کے بنیادی عوامل وشروط کا ادراک اوران کی حقیقی قدر وقیمت کا احساس رکھنے والوں کے ہاں ہمیشہ پذیرائی ملتی رہے گی۔

کتاب کے متعلق مولانا محمد سعید انصاری مدظلہ رقمطراز ہیں'' محبی ومخلصی جناب الحاج محمد شاہد ذکی صاحب نے حضرت مولانا محمد روح اللہ نقشبندی غفوری کی کتاب مستطاب سلسلہ نقشبندیہ کی روشن کرنیں کا مسودہ پیش کیا اور فرمایا کہ مولانا مصنف کی دلی خواہش ہے کہ اس کتاب کے بارے میں اپنی رائے تحریر کریں۔ چنانچہ اس ناکارہ نے اس کتاب کی فہرست پر نظر ڈالی جو نہایت منفرد لگی۔ تقریباً تمام سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے بزرگوں کے احوال واقوال ان کی سیرت وکردار اور پاکیزہ گفتار کو جمع کرنے اور ترتیب دینے میں مولانا موصوف نے بڑی عرقریزی سے کام لیا۔ اس محنت پر موصوف کو جتنا بھی خراج تحسین پیش کیا جائے کم ہے۔ اس ناچیز نے اس سے پہلے سلسلہ نقشبندیہ کے بزرگوں کے حالات ومقالات اردو زبان میں کسی ایک کتاب میں جمع نہیں دیکھے۔ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو اپنی جناب میں مقبول ومنظور فرماوے۔ اوراس کے فیض کو عام اور تام فرماوے

---

خط وکتابت کرتے وقت اپنے خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیجئے